## سوال

(269) عیدگاہ میں منبر لے جانا کیا درست ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدگاہ میں منبر لے جانا کیا درست ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدین کے موقع پر عیدگاہ میں منبر لے جانا آنحضرت ﷺ اور خلفاء راشدین کا معمول نہیں تھا اور ہماری بھلائی سنت کی پیروی کرنے میں ہے۔ ''عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ، قَالَ : أَخْرَجَ مَرْوَانُ الْمِنْبَرَ فِي يَوْمِ عِيدٍ، فَبَدَأَ بِالْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَقَامَ رَجُلٌ (قیل ہو عمار بن رویبة، ویحتمل أن یکون ہو أبا مسعود) فَقَالَ : يَا مَرْوَانُ، خَالَفْتَ السُّنَّةَ، أَخْرَجْتَ الْمِنْبَرَ فِي يَوْمِ عِيدٍ، وَلَمْ يَكُنْ يُخْرَجُ فِيهِ، سنن أبوداؤد۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری**

**جلد نمبر 1**

**صفحہ نمبر 425**

**محدث فتویٰ**